اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُخْلِصٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَرِّمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُخْتَصٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَلِّلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُدَّثِّرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُزَّمِّلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُذَكِّرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَدْعُوٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَدَنِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُرْشِدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُرْتَضٰى

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَرْحُوْمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُرْتَجٰى

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُرَتِّلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَرْحَمَةٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُسْتَجِيْبٍ

مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُسْتَقِيْمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُشَاوِرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَشْهُوْدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُسْتَعِزٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُسْتَجَابٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَشْفُوْعٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَشْهُوْرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُسْتَفِيْدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَسْئُوْلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَسْعُوْدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَصُوْنٍ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَصْدُوْقٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُصْطَفٰى

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُصَافِحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مِصْبَاحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُضَرِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُطِيْعٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُطَاعٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُطَهِّرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُعَقِّبٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَعْرُوْفٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُعَزَّزٍ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُعَظَّمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَعْلُوْمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُعِيْنٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَغْنَمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مِفْتَاحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُفَضَّلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُفْلِحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُقَدَّسٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُقَدَّمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُقْرِئٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُقْسِطٍ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَقْفِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُقْتَصِدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَكِّيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَكِيْنٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُكْتَفٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُكَبِّرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَلَاحِمِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَلَاذٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَلْجَاءٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَلِيْكٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَلَكٍ

محمد ﷺ احمد ﷺ محمد ﷺ احمد ﷺ محمد ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَلِيْحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَنْصُوْرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْقِذٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنِيْرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْصِفٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنِيْبٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْتَهٰى

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْتَخِبٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْتَصِرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْتَظَرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْذِرٍ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُنْجٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُوْصِلٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَوْلٰى

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَوْعِظَةٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُوَقَّرٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُؤْمِنٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُؤْتَمَنٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُؤَمِّلٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُؤَيِّدٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُوْقِنٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُهَاجِرٍ

مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُهْدَاةٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُهَابٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَهْدِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُهَيْمِنٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَهْدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مِيْزَانٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مَيْمُوْنٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاطِقٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاصِرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاسِخٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاشِرٍ

مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاصِحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَابِذٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاسِكٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاجِزٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاهٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاصِفٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَجْمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَجِيْبٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَجِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَذِيْرٍ

مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ اَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نُوْرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَصِيْرٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نِعْمَةٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَقِيْبٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَقِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نِزَارِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ التَّوْبَةِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ الرَّحْمَةِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ الْمَلَاحِمِ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ الرَّاحَةِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ الْاُمَّةِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا اَلنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَبِيِّ زَمْزَمْ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نُوْرِ الْاُمَمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نُوْرِ الْهُدٰى

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَجْمٍ ثَاقِبٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَجِيِّ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نِعْمَةِ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَاصِرِ الدِّيْنِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا نَذِيْرٍ لِلْعَالَمِيْنَ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاعِظٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاحِدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَافٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاضِحٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاصِلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاسِعٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاسِطٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَالٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاجِدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَاعِدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَجِيْهٍ

مُحَمَّدٌ ﷺ أَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ أَحْمَدُ ﷺ مُحَمَّدٌ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحِيْدٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَرِعٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَسِيْمٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَسِيْلَةٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَكِيْلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَلِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَفِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَصِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَصُوْلٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَهَّابٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هَادٍ

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ مُحَمَّدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هَاشِمِيٍّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هُمَامٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هِمَّةٍ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هُدٰى

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هَدِيَّةِ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هُدًى لِّلْعَالَمِيْنَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا هَادٍ اِلَى الْحَقِّ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا يٰسٓ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا يَتِيْمٍ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلِيَاءِ اُمَّتِهٖ اَجْمَعِيْنَ

أسماء النبی ﷺ

اُسماء، اُسم کی جمع ہے اور عربی زبان میں نام کو ''اسم'' اور نام والے کو ''مسمی'' کہتے ہیں۔ جب لفظِ اُسم یعنی نام بولا جاتا ہے تو اُس سے مراد مسمی ہوتی ہے۔ نام، نام والے تک پہنچے کا ذریعہ اور وسیلہ ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ آپ اگر کسی کا نام نہ جانتے ہوں تو آپ اُس شخص تک نہیں پہنچ سکیں گے۔

ناموں کی کثرت ''مسمی'' کی عظمت ورفعت اور شرف پر دلالت کرتی ہے یعنی ''مسمی''، عظیم اور بلند شان والا ہے اور ایسا مسمی کی ذات اور اُس کی شان کی اہمیت کے پیش نظر ہوتا ہے۔

ہمارے نبی مکرم، شفیعِ معظم، سرکار مدینہ ﷺ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن پاک، دیگر آسمانی کتب اور انبیائے کرام کے واسطے سے بہت سے نام عطا فرمائے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے جہاں **سید الاولین والآخرین** ﷺ کے مناقب جلیلہ اور دیگر محاسن کا قرآن کریم میں جگہ جگہ ذکر فرمایا وہاں آپ ﷺ کے کئی اسمائے **صفاتیہ** بھی ذکر فرمائے ہیں۔ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم ﷺ کے اسماء اور صفات برابر ہیں۔

سرکار مدینہ ﷺ کے کچھ ایسے اسمائے مبارکہ بھی ہیں جو باری تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ ہیں لیکن اُس نے وہ نام مبارکہ اپنے حبیب کریم ﷺ کو بھی عطا فرما دیئے ہیں۔ عظیم عاشق رسول ﷺ حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور زمانہ تصنیف ''**جواهر البحار فی فضائل النبی المختار**'' میں فرماتے

ہیں کہ ایسے کئی اسمائے مبارکہ ہیں جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے پیارے محبوب کو زینت اور خوبصورتی بخشی ہے اُن اَسماء میں سے 81 اَسماء پر میں مطلع ہو سکا ہوں جنہیں میں نے اپنی کتاب "الاسماء" میں بیان کر دیا ہے۔

ابن قیم نے لکھا ہے کہ جب سرکارِ دو عالم ﷺ کے اَسماء آپ ﷺ کے اوصافِ مدح ہوں تو آپ ﷺ کا ہر وصف بھی آپ ﷺ کا اسم شمار ہوگا۔

حدیث مبارکہ "ان لی خمسة أسماء" بے شک میرے 5 نام ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ یہ 5 نام آپ ﷺ کے ساتھ خاص ہیں۔ یہ کہ پہلی امتوں میں یہ 5 نام بطور خاص مشہور ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ ﷺ کے صرف 5 نام ہیں۔

حضرت امام جلال الدین السیوطی اپنے مشہور تصنیف "الریاض الانیقة فی شرح أسماء خیر الخلیقة میں فرماتے ہیں کہ "لی خمسة أسماء" (میرے پانچ نام ہیں) والی حدیث، پانچ سے زائد اسماء کے ثبوت کے منافی نہیں کیونکہ یہ اصول ہے کہ عدد تخصیص پیدا نہیں کرتا۔ کئی احادیث میں اعداد کا ذکر موجود ہے لیکن ان میں حصر مراد نہیں ہے۔

ابنِ عساکر اپنی کتاب "مبهمات القرآن" میں فرماتے ہیں کہ عدد "حصر" کا مقتضی نہیں اور ان پانچ اسماء کے ذکر کی تخصیص یا تو اس لیے ہے کہ سامع کو دیگر اسماء کا علم ہے، گویا آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرے 5 فضیلت و عظمت والے نام ہیں یا تخصیص کی وجہ سے ان اَسماء کی شہرت ہے گویا آپ ﷺ نے فرمایا میرے پانچ اسماء مشہور ہیں۔

اسم ''محمد'' ﷺ کا پس منظر

سرکار مدینہ ﷺ کے اسمائے مبارکہ میں سب سے زیادہ مشہور اسمِ مبارک ''محمد ﷺ'' ہے۔ایک مرتبہ سرکار دوعالم ﷺ کے جدامجد سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ تم نے اپنے بیٹے کا نام ''محمد ﷺ'' کیوں رکھا ہے؟ جبکہ آپ کے آباؤاجداد اور خاندان میں کبھی بھی کسی کا یہ نام نہ تھا جس پر آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ مجھے اُمید ہے کہ سب جہان میں ان کی تعریف وستائش کی جائے گی۔

سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ اُن کی پشت سے چاندی کی ایک زنجیر نکلی ہے جس کا ایک سرا آسمان پر ہے اور دوسرا سرا مشرق ومغرب میں ہے پھر یہ زنجیر ایک درخت بن گئی جس کے پتے پتے پرنور افشاں ہے، مشرق ومغرب کے لوگ اُس کے ساتھ معلق ہیں،اُس زمانہ کے معبرین نے اس خواب کی یہ تعبیر بیان کی کہ سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی صلب مبارک سے ایک ایسا بابرکت مولود جنم لے گا جس کی پیروی مشرق ومغرب والے کریں گے اور زمین وآسمان والے اُس کی مدح وتعریف کریں گے۔

انا محمد ﷺ ، انا احمد ﷺ ، انا حاشر ﷺ

تھا آب و گل میں جو آدم ، تو میں پیمبر تھا

حضور نبی کریم ﷺ کے دادا مبارک ،سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی ایک اور عالی شان گفتگو جوانہوں نے سرکار دو عالم ﷺ کی والدہ ماجدہ سیدۃ آمنہ رضی اللہ عنہا کے گوش گزار کی تھی ہمیشہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے سیدۃ آمنہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا۔

''اے آمنہ رضی اللہ عنہا! مجھے خواب میں بتادیا گیا ہے کہ تم حاملہ ہوگی اور اُس سے جس بچے کی ولادتِ مبارکہ ہوگی وہ اس اُمت کا سردار ہوگا جب وہ تمہارے بطن مبارکہ سے پیدا ہو تو اُس کا نام ''محمد ﷺ'' رکھنا۔''

اسم ''محمد ﷺ'' کی شان

علامہ ابن عساکر دمشقی نے کعب الاحبار سے روایت کی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت شیث علیہ السلام سے فرمایا کہ اے میرے بیٹے! میرے بعد تم میرے خلیفہ اور جانشین ہو جس وقت بھی تم اللہ تبارک و تعالیٰ کا ذکر کرو تو ساتھ اسم ''محمد ﷺ'' کا بھی ذکر کیا کرو کیونکہ ساق عرش پر یہ اسم مبارک تحریر شدہ میں نے خود دیکھا ہے۔ میں نے سب آسمانوں کی سیر کی تو مجھے وہاں کوئی جگہ ایسی نظر نہ آئی جس پر نام ''محمد ﷺ'' تحریر نہ ہو۔ جنت کا کوئی مقام ایسا نظر نہ آیا جس پر سرکار دو عالم ﷺ کا نام نہ لکھا ہو۔ حوروں کے ہاتھوں پر، طوبیٰ کے درخت کے پتوں پر، سدرہ المنتہیٰ کے ہر پتہ پر، حجابات کے اطراف اور ملائکہ کی آنکھوں پر اسم ''محمد ﷺ'' لکھا ہوا ہے۔ اے فرزند! اسم ''محمد ﷺ'' کا کثرت سے ذکر کرنا۔

ایک حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ سیدنا آدم علیہ السلام مصیبت کے وقت درج ذیل دُعا پڑھا کرتے تھے۔

اللھم بحق محمد ﷺ اغفر خطیئتی

(اے اللہ! محمد ﷺ کے واسطہ سے میری خطائیں معاف فرما)

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے فرمایا کہ اے آدم! تم نے ''محمد ﷺ'' کو کس طرح پہنچانا ہے عرض کیا، یا باری تعالیٰ! میں نے جنت کے ہر

مقام پر یہ لکھا ہوا پایا۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

پس میں نے جان لیا کہ یہ شخصیت تیرے نزدیک تمام مخلوق سے افضل و اکمل ترین ہے

اسم "محمد ﷺ" کے خصائص

حضرت امام سہیلی فرماتے ہیں کہ لغت میں لفظ محمد اُسے کہتے ہیں جس کی بار بار تعریف کی جائے سرکار مدینہ ﷺ کی یہ ایک اہم خصوصیت ہے کہ روز ازل سے آپ ﷺ کی تعریف ہو رہی اور ابد تک ہوتی رہے گی۔

جس طرح اللہ سبحانہ تعالیٰ کا اسم جلالت "اللّٰہ" چار حروف (ا ل ل ا) مشتمل ہے۔ اسی طرح سرکار مدینہ ﷺ کا اسم ذاتی "محمد ﷺ" بھی چار حروف (م ح م د) پر مشتمل ہے تا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسمِ مبارک "اللّٰہ" اور سید کائنات ﷺ کے اسم مبارک "محمد ﷺ" میں موافقت ہو۔

سرکار دو عالم ﷺ کے چچا سیدنا ابو طالب رضی اللہ عنہ اس راز کو اپنے الفاظ میں اس طرح بیان فرماتے ہیں۔

وشق لہ من اسمہ لیجلہ

فذو العرش محمود وھذا محمد

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے نام سے آپ ﷺ کا نام مبارک مشتق کیا تا کہ وہ اُسے عظمت عطا کرے پس عرش والا محمود ہے اور یہ محمد ﷺ ہیں۔

اسم "محمد ﷺ" پورے قرآن پاک میں اپنے حروف (4) کے مطابق 4 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

"محمد ﷺ اور أحمد ﷺ" کی تشریح

اسم "محمد ﷺ اور أحمد ﷺ" دونوں کا مادۂ اشتقاق "حمد" ہے۔
مگر "محمد ﷺ" کے معنی ہیں کہ جس ہستی کی سب سے زیادہ تعریف کی گئی ہو اور "احمد ﷺ" کے معنی، اپنے رب کی تعریف کرنے والوں میں سب سے زیادہ تعریف کرنے والا ہے۔

آپ ﷺ اس وقت تک "محمد ﷺ" نہیں ہو سکتے جب تک "أحمد ﷺ" نہ ہوتے۔ آپ ﷺ نے اپنے رب تعالیٰ کی تعریف کی تو اُس نے آپ ﷺ کو نبوت کی شرف عظیم سے نوازا۔

اس وجہ سے اسم "احمد ﷺ" اسم "محمد ﷺ" سے مقدم ہے۔
حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ ﷺ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "اسمہ احمد" آپ ﷺ کی ولادت باسعادت سے قبل تمام انبیاء آپ ﷺ کو اسی نام سے پہچانتے تھے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ ﷺ کا ذکر کیا جب اُن کے رب نے اُن سے فرمایا کہ یہ "احمد ﷺ" کی اُمت ہے تو انہوں نے فرمایا کہ یا اللہ! مجھے بھی آپ ﷺ کی اُمت میں سے کر دے۔

حضرت قاضی عیاض مالکی فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ "محمد ﷺ" ہونے سے پہلے "احمد ﷺ" تھے کیونکہ یہ اسم گرامی پہلی آسمانی کتب میں آیا ہے آپ ﷺ نے پہلے اپنے رب کی تعریف کی اور پھر تمام کائنات نے آپ ﷺ کی

تعریف کی۔

آپ کے نام ہیں کتنے پیارے آنکھوں کی ٹھنڈک دل کے سہارے
أحمد ﷺ وحامد ﷺ، حاشر ﷺ وأحشم ﷺ

برکاتِ نام "محمد ﷺ" و "أحمد ﷺ"

شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی اپنی مشہورِ زمانہ فارسی کتاب "مدارج النبوت" میں تحریر فرماتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم ﷺ کے خصائص مبارکہ میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ ﷺ کے نام نامی اسم گرامی پر نام رکھنا باعث برکات ومنافع اور دُنیا وآخرت میں حفاظت، کامیابی اور بخشش ومغفرت کا وسیلہ ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ روزِ محشر دو آدمی بارگاہ الٰہی میں حاضر کئے جائیں گے اور اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں بغیر کسی حساب وکتاب کے جنت میں جانے کا حکم جاری فرمائے گا وہ عرض کریں گے یارب العالمین! ہمارے اعمال تو اس لائق نہ تھے ہمیں جنت میں جانے کا کیوں مستحق ٹھہرایا گیا، جس پر رب تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے کہ میں اُس شخص کو جہنم میں ہرگز داخل کرنے کا حکم نہیں دوں گا جس کا نام "محمد ﷺ" یا "أحمد ﷺ" ہوگا (سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم)

حدیث نبوی ﷺ میں ہے کہ جس کا نام "محمد ﷺ" یا "أحمد ﷺ" ہوگا، سرکارِ دو عالم ﷺ اُس کی خود شفاعت فرمائیں گے، اسی وجہ سے حضرت امام محمد شرف الدین البوصیری الشاذلی رضی اللہ عنہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

فان لی ذمة منه بتسمیتی

محمداً و هوا وفی الخلق بالزمم

(میرا نام بھی محمد ہے سو اس ہمنامی کی وجہ سے آپ ﷺ کا عہد و پیمان میری شفاعت کے لئے بھی لازم ہو گیا ہے اس لئے کہ سیدنا محمد ﷺ ہی تمام دنیا سے ایفائے عہد میں بڑھے ہوئے ہیں۔)

احمد ﷺ ، محمد ﷺ ، مصطفی ﷺ

حامد ﷺ ،مصدق ﷺ ،مجتبیٰ ﷺ

اس موضوع کی مناسبت سے شیخ محقق عبدالحق محدثِ دہلوی فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا میں آپ رضی اللہ عنہ کے سامنے کھڑا ہوں محفل سجی ہوئی ہے اور حاضرین محفل آپ رضی اللہ عنہ سے عرض گزار ہیں کہ شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی سلام عرض کر رہے ہیں یہ سنتے ہی سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور معانقہ کے بعد فرمایا کہ تم پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔

شہر سمرقند میں ایک ایسا قبرستان موجود ہے جسے "**قبرستان محمدی**" کے نام سے یاد کرتے ہیں اس قبرستان میں اپنے وقت کے 400 نامور محدثین و مفسرین آسودہ خاک ہیں اور سرکار دو عالم ﷺ کے اسم مبارک "**محمد**" کے نام پر ہر محدث و مفسر کا نام بھی "**محمد**" ہے۔ اس قبرستان مبارکہ میں دفن ہونے کے لئے دو شرائط رکھی گئی تھیں پہلی شرط یہ کہ وہ اپنے وقت کا محدث و مفسر ہو اور دوسری شرط کہ اُس کا نام بھی "**محمد**" ہو۔

قبرستان انتظامیہ انتہائی شدت سے ان شرائط پر عمل کیا کرتی حتیٰ کہ 593ھ اہل سنت کے مشہور امام، صاحب ھدایہ شریف، شیخ الاسلام قاضی امام برھان الدین المرغینانی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا تو انہیں بھی اس قبرستان میں دفن کرنے کی اجازت نہ مل سکی کیونکہ اُن نام "محمد" نہ تھا۔

تو حاشر ﷺ بھی عاقب ﷺ بھی شاہ زمن بھی
تیرے ﷺ گرد سارا جہاں گھومتا ہے ! !

تعداد أسماء النبی ﷺ

سرکار مدینہ ﷺ کے اسمائے مبارکہ کی تعداد کا صحیح علم تو اللہ تبارک وتعالیٰ کو یا پھر سرکار مدینہ ﷺ کو ہے کیونکہ یہ محب اور محبوب کی بات ہے نبی کریم ﷺ کی صفات لامحدود ہیں اسی طرح آپ ﷺ کے اسمائے مبارکہ بھی لامحدود ہیں جن کا تعین ممکن نہیں۔ لیکن علماء، صوفیاء، محدثین اور سیرت نگاروں نے اپنی اپنی کتب میں اپنی معلومات کے مطابق ایک مخصوص تعداد کا بھی ذکر کیا ہے۔

الحمدللہ! جن کتب تک ہماری رسائی ہوئی اُن میں مذکور اُسماء النبی ﷺ کی تعداد کا ذکر اس طرح سے ہے۔

1- ابواسلام اُحمد بن علی نے اپنی کتاب "**السبعه و سبعون السنية لأسماء خير البرية**" میں (77) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

2- شیخ فخر الدین ابی الحسہ الحرالی نے اپنی کتاب "**ابدأ المخفا فی شرح أسماء المصطفیٰ** ﷺ" میں (99) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

3- بعض علماء کے نزدیک سرکار دو عالم ﷺ کے اسمائے مبارکہ کی تعداد اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کی تعداد (99) کے برابر ہے جو زیادہ معروف و مشہور ہیں۔

4- سیدنا محمد سلیمان الجزولی رضی اللہ عنہ نے اپنی مشہور و معروف و مقبول تصنیف "دلائل الخیرات" میں (201) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔ غالبًا یہ وہی اسمائے مبارکہ ہیں جو روضہ رسول ﷺ کی دیواروں پر مکتوب و منقوش ہیں۔

5- مشہور محدث حضرت شیخ ابن دحیہ الکلبی (م 633ھ) نے اپنی کتاب "المستوفی فی أسماء المصطفیٰ ﷺ" میں (300) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

6- حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب "الریاض الأنیقة فی شرح الأسماء الخلیقة" میں (336) اَسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

7- حضرت امام قسطلانی نے اپنی کتاب "المواهب اللدنیة بالمنح المحمدیة" میں (400) اَسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

8- شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنی کتاب "مدارج النبوت" میں (400) اَسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

9- حضرت علامہ سخاوی نے اپنی کتاب "القول البدیع" میں (430) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

10- امام محمد بن یوسف الصالحی الشامی نے اپنی کتاب "سبل الهدى و الرشاد فى سيرة خير العباد" میں(700) سے زائد اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

11- حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی نے اپنی کتاب "أحسن الوسائل فى أسماء النبى الكامل" میں(820) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

12- امام ابو بکر ابن عربی نے ''ترمذی'' کی شرح میں (1000) اسمائے نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

13- بعض صوفیاءکرام نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالٰی کے ایک ہزار نام میں اور رسول اللہ ﷺ کے بھی(1000) اسماءنبویہ ﷺ ہیں۔

14- مخدوم محمد ھاشم ٹھٹھوی کی کتاب "حديقه الصفاء فى أسماء المصطفى" میں(1181) اسمائے نبویہ ﷺ ہیں۔

15- شیخ عبدالرؤف مناوی کی کتاب ''شرح النموذج اللبيب'' میں ہے کہ امام ابن فارس نے کہا کہ سرکار دو عالم ﷺ کے(2020) اسمائے نبویہ ﷺ ہیں۔

حضرت علامہ زرقانی فرماتے ہیں کہ کتب میں اسماء النبی ﷺ کی جتنی تعداد مذکور ہوئی ہے کل اتنے ہی اسمائے نبویہ نہیں بلکہ اُن سے کئی گنا زیادہ ہیں۔ حضرت علامہ ابن عساکر نے لکھا ہے کہ آپ ﷺ کی صفات سے آپ ﷺ کے اسمائے مبارکہ مشتق ہوں تو اُن کی تعداد بہت زیادہ ہو جائے۔

أسماء النبی ﷺ پر کُتب

ہر دور میں علماء کرام اور سیرت نگاروں نے اُسماء النبی ﷺ کے موضوع پر الگ الگ کتب تحریر کیں ہورہی ہیں اور ان شاء اللہ العزیز اس بابرکت موضوع پر کتب تحریر ہوتی رہیں گی۔ بعض مصنفین نے اس موضوع پر مستقل کتب تحریر کیں پھر ان کی شروحات بھی لکھی گئیں اور بعض نے سیرت نبویہ ﷺ کی کتب میں اُسماء النبی ﷺ کے موضوع کے لئے باب اور فصول مختص کیں۔

اس عظیم موضوع پر تحریر ہونے والی چند نادر کتب اور اُن کے مصنفین کے اُسماء مع سالِ وصال ذیل میں درج ہیں۔

أسماء النبی ﷺ

حسین بن حمدان الخصیبی (م 358 ھ)

المنبی فی أسماء النبی ﷺ

احمد بن فارس (م395ھ)

اسماء الرسول ﷺ و معانیھا

أحمد بن فارس (م 395 ھ)

المستوفی فی أسماء المصطفیٰ

ابن دحیة الکلبی (م 633 ھ)

ابداء الخفا فی شرح أسماء المصطفیٰ

فخر الدین الحرالی (م 637 ھ)

ارجوزة فی أسماء النبی ﷺ
ابی عبدالله القرطبی (م 671 ھ)

أسماء النبی ﷺ
عبدالرحمن الانصاری (م 734 ھ)

أسماء النبی ﷺ
عبدالدائم سلامه (م 797 ھ)

الریاض الأنیقه
جلال الدین السیوطی (م 911 ھ)

النهجة السویة فی الأسماء النبویة
جلال الدین السیوطی (م 911 ھ)

الغسول فی أسماء الرسول ﷺ
محمد یوسف أطفیش (م 1332 ھ)

أحسن الوسائل (قصیده)
یوسف اسماعیل النبهانی (م 1350 ھ)

أسماء النبی علیه الصلاة والسلام
ابی الحسن أحمد الحرانی

شرح أسماء الرسول ﷺ
الشیخ الرصاع

مذکورہ بالا نادر کتب میں سے کئی کتب تک رسائی ہوئی، اُن کی زیارت اور مطالعے کا شرف حاصل ہوا۔ حصولِ برکت کے لیے چند کتب کے سرورق کے عکس آئندہ صفحہ پر ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

محمد ﷺ أحمد ﷺ محمد ﷺ أحمد ﷺ محمد ﷺ
نصوص محققة
إبداء الخفا
في شرح أسماء المصطفى ﷺ
تحقيق
أحمد فريد المزيدي
السبعة وسبعون السنية
لأسماء خير البرية
تأليف
أبو إسلام أحمد بن علي

وہ چند کتب جن میں أسماء النبی ﷺ کا تذکرہ موجود ھے

1- قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور ومقبول زمانہ کتاب "الشفاء بتعریف حقوق المصطفی ﷺ" میں أسماء النبی ﷺ پر دو فصلیں تحریر فرمائی ہیں۔

2- ابن عساکر نے اپنی ضخیم تصنیف لطیف "تاریخ دمشق" میں أسماء النبی ﷺ پر ایک باب تحریر فرمایا ہے۔

3- حضرت علامہ قسطلانی نے اپنی تصنیف "المواهب اللدنية بالمنح المحمدية" میں أسماء النبی ﷺ پر ایک فصل تحریر فرمائی ہے۔

4- حضرت علامہ سخاوی نے اپنی تصنیف "القول البديع" میں أسماء النبی ﷺ پر ایک فصل تحریر فرمائی ہے

5- امام محمد بن یوسف الصالحی الشامی نے اپنی مشہور زمانہ کتاب "سبل الهدىٰ والرشاد فی سیرة خیر العباد" میں اسماء النبی ﷺ پر ایک "باب" تحریر فرمایا ہے۔

6- سیدی محمد بن سلیمان الجزولی نے اپنی مشہور ومقبول کتاب "دلائل الخیرات" میں أسماء النبی ﷺ پر ایک فصل تحریر فرمائی ہے۔

7- شیخ محقق، شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنی مشہور کتاب "مدارج النبوت" میں أسماء النبی ﷺ پر ایک باب تحریر فرمایا ہے۔

8- عاشق رسول ﷺ حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی نے اپنی مشہور کتاب "جواهر البحار فی فضائل النبی المختار" میں ایک باب تحریر فرمایا ہے۔

اسی طرح دوسری اہم اور قدیم کتب جیسے ابن قیم کی "جلاء الافہام ، تحفہ المورود" اور امام ترمذی کی "الشمائل" میں اسماء النبی ﷺ کا تذکرہ تفصیل سے موجود ہے۔

سرکار مدینہ ﷺ کی ساری حیاتِ طیبہ طاہرہ کے خدوخال اور اوصاف مبارکہ ہزاروں صحابہ کرام صبح سے شام تک بیان فرماتے اور شعراء صحابہ کرام آپ ﷺ کی صفات جمیلہ وجلیلہ سے اپنے اپنے قصائد کو مزین فرماتے۔ پھر عشاء سے صبح تک کی سرکار ﷺ کی ہر ادا کو آپ ﷺ کی زوجہ مبارکہ اُم المومنین سیدۃ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتیں جو آج ہم تک پہنچی ہیں۔ ان اداؤں اور تعلیم وتربیت کی جملہ تفصیلات شمائل ترمذی میں موجود ہیں جو لائق مطالعہ ہیں۔

سرکار دوعالم، نورمجسم ﷺ کا جس چیز سے بھی تعلق قائم ہوا، سیرت طیبہ کی جامعیت کے باعث اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس چیز کو بھی دائمی حیات عطا فرمادی۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کے اسمائے صفاتیہ بھی پوری آب وتاب اور چمک ودمک سے اس عالم کو روشن ومنور کررہے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سرکار مدینہ ﷺ کے جملہ اسمائے مبارکہ کے فیوضات و برکات سے ہم سب کو مستفیض فرمائے۔ آمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین ﷺ

تحریر وتحقیق:

افتخار احمد قادری

کتاب
اَلصَّلَوٰاتُ الْاَلْفِیَۃُ
بأسماءِ
خَیرِ الْبَرِیَّۃِ

پر

منثور و منظوم

تاثرات

و قطعاتِ تاریخ

ذوق انتخاب

اس نام کی لذت دِل عُشاق سے پوچھ
جان آ گئی تن میں جو لیا نام محمد ﷺ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور نبی کریم ﷺ کو بے حد وحساب اور لاتعداد و بے شمار شانیں عطا فرمائی ہیں۔ آپ ﷺ کی ہر شان سے ایک نام وجود میں آیا ہے۔ اسماء کی کثرت عظمت کی دلیل ہوتی ہے تو جس طرح عظمت مصطفےٰ ﷺ کے پہلو لامحدود ہیں اسی طرح آپ ﷺ کے اسمائے گرامی بھی لامحدود ہیں۔ ان کی اصل تعداد کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے یا اُس کے حبیب ﷺ کو۔

شیخ عبدالحق محدثِ دہلوی فرماتے ہیں۔ "عظیم ترین کرامت اور جامع ترین فضائل وکمالات میں سے حضور ﷺ کے اسمائے مبارکہ ہیں۔ جو محاسن اخلاق و افعال اور جامع جمال وجلال پر مبنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کے اسمائے گرامی قرآن حکیم و دیگر کتب سماویہ اور انبیاء کرام و رسل عظام کی زبانوں پر کثرت سے جاری فرمائے ہیں" اس سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کو اپنے اسماء گرامی بھی عطا کر دیئے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ رؤف ورحیم ہے اور نبی پاک ﷺ بھی رؤف ورحیم ہیں۔

ہر اسم مبارک کسی صفت وفعل سے لیا جاتا ہے۔ محبوب خدا ﷺ کی صفات و افعال سے ہی یہ اسمائے گرامی ماخوذ ہیں۔ جن کو جناب افتخار احمد حافظ قادری صاحب نے خوبصورت انداز سے خوبصورت درُود وسلام کی لڑیوں میں پرو دیا ہے۔ یہ اسمائے

مبارک تو پہلے ہی بہت خوبصورت اور مبارک ہیں جنہیں حافظ صاحب کی محبت اور محنت نے انہیں عُشاق رسول ﷺ کے لیے اور دیدہ زیب اور جان فزا بنا دیا ہے۔

یہ کتاب عربی ادب کا شہ پارہ بالیقین
عمدہ تر ہے افتخار احمد کا ذوقِ انتخاب

مجھے اللہ کی رحمت اور آقا ﷺ کے کرم سے قوی یقین ہے کہ جسے اس بابرکت کتاب کو ایک بار بھی پڑھنے کی سعادت نصیب ہو جائے گی تو نہ صرف اللہ تعالیٰ اِسے اُس کے لیے بخشش کا وسیلہ بنا دے گا بلکہ اُس پر فیوضات و برکات کی بارش کا سلسلہ بھی تا ابد جاری رہے گا اور حافظ صاحب کے نامہ اعمال میں نیکیوں کا اضافہ ہوتا رہے گا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا "**حضور پاک ﷺ چلتے پھرتے قرآن مجید ھیں۔**" بس میرے نزدیک اس کتاب میں درج اسماء النبی ﷺ کا دُرود وسلام کے ساتھ ورد گویا قرآن مجید کے ثواب جیسا ہے۔ اس کتاب کا دیکھنا، پڑھنا، سفر میں ساتھ رکھنا اور گھر میں رکھنا باعث برکت وثواب ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حافظ صاحب کو اس محبت، عقیدت اور خلوص کے عوض جو انہیں اپنے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ سے ہے، بلند روحانی مقام عطا فرمائے اور آپ کا سینہ جس طرح سرکار مدینہ ﷺ کی محبت سے روشن اور منور ہے، اس سے ہمارے جیسے سیاہ دل بھی ہمیشہ روشنی پاتے رہیں۔ آمین۔

دعاؤں کا طالب

ع۔م۔ چوہدری، بانی وخادم دُرود محل، ڈاکخانہ مسافر خانہ، ضلع بہاولپور

قطعہ تاریخ طباعت

"تزئین کلام، گلدستہ درُود و سلام"

1438ھ

"مرغوبِ جاں الصلواتُ الالفیۃ"

2017ء

دے رہا ہے مہک دو عالم کو
حشر تک موجزن رہے گا یونہی
رُوح افزا ہیں اسم ہائے نبی ﷺ
خوشبوؤں سے بسا ہوا اس میں
کاوشِ افتخار حافظ کو ! ! !
اس کی تالیف ہے بجا یارو
اسمِ احمد ﷺ کے تذکرے اس میں
جلوہ گر اس میں یا محمد ﷺ ہیں
یہ ہے گلدستۂ درُود و سلام
ذکر ہے میرے پیارے آقا ﷺ کا
ہر غلامِ حبیبِ ربِ عُلیٰ
مجھ سے ناچیز کو سبھی مل کر
"صوری و معنوی" سے تم مہجور

488

"آرامِ دل باسماء خیر البریۃ"

1438ھ

گل ستانِ درُودِ پاک ، کہو
خوش بیانِ درُودِ پاک ، کہو
بزبانِ درُودِ پاک ، کہو
اک جہانِ درُودِ پاک ، کہو
ترجمانِ درُودِ پاک ، کہو
بوستانِ درُودِ پاک ، کہو
یہ ہے جانِ درُودِ پاک ، کہو
جو ہیں شانِ درُودِ پاک ، کہو
آن و بانِ درُودِ پاک ، کہو
سائبانِ درُودِ پاک ، کہو
قدر دانِ درُودِ پاک ، کہو
مدح خوانِ درُودِ پاک ، کہو
"ارمغانِ درُودِ پاک" کہو

+ 488 = 2017ء

از اثرِ خامہ: سیّد عارف محمود مہجور رضوی۔ گجرات

محمد ﷺ احمد ﷺ محمد ﷺ احمد ﷺ محمد ﷺ

قطعہ سال اشاعت کتابِ مستطاب
"الصلوٰۃ الالفیۃ باسماء خیرِ البریۃ"

ہیں افتخارِ قادری اِک افتخارِ اذکیا ! ! !
اُن کی طبیعت میں ودیعت ہے خلوص و ابتکار
اُن کے قلم کا ہے ہر اِک شاہکار اِک گنجِ گراں
ہوتا رہے گا بہرہ ور اُن سے ہر اِک شاہ و گدا
اِس مرتبہ یہ لائے ہیں تالیف جو اپنی نئی
قدسی بھی اُس پر کہہ رہے ہیں آفریں صد مرحبا
اسمائے نبوی ﷺ کا مرقع ہے یہ یکتا بہترین
ہوگی معطر اِس کی خوشبو سے زمانے کی فضاء
اجر و ثواب اس کا کرے گی ذاتِ باری خود عطا
ہو گی یقیناً مایۂ غفران یہ روزِ جزاء
ہے بارگاہ مصطفیٰ ﷺ میں بے بدل یہ ارمغاں
تحریر اور تنویر میں ہے مثلِ نیر پُر ضیاء
فیض الامین کو فکر تھی اس کے سِنین چاپ کی
"حُسنِ فضیلت" "چشمۂ گوہر" کہو آئی صدا

1438ھ 2017ء

صاحبزادہ فیض الامین فاروقی سیالوی، مونیاں شریف، ضلع گجرات

درُود و سلام

ناقبولِ بارگاہِ حق کبھی ہوتا نہیں ! !
غور کے قابل ہے یہ تخصیص و تفرید درُود
خود خدا بھی اور کرتے ہیں فرشتے بھی یہ کام
اہل ایماں کو بھی ہے تلقین و تاکید درُود
بڑھ رہی ہے دن بدن توقیر و تقدیس سلام
اوج پر ہر روز ہے تجلیل و تمجید درُود
دائمی لطفِ خدا و مصطفیٰ ﷺ پائے گا وہ
بھا گیا جس دیدہ ور کو حُسن جاوید درُود
مژدۂ بخشش ہے حافظ افتخار احمد تجھے !
خوب و دل آویز کی ہے تو نے تسوید درُود

قابل تحسین ہے لاریب وہ اس کے لیے
افتخار احمد نے ذوق وشوق سے کوشش جو کی
اُس نے ذوق وشوق سے طارق کیا آراستہ
وہ گلستاں جو قیامت تک رہے گا پُر بہار

عبدالقیوم طارق سلطانپوری رحمۃ اللہ علیہ، حسن ابدال، اٹک

درُودوں اور سلاموں کا خزینہ

(یہ اشعار صنعتِ توشیح میں ہیں جس کے ہر شعر کے مصرعہ اول کا پہلا حرف لینے سے مُرتب کتاب جناب افتخار احمد قادری کا اسم گرامی بن جاتا ہے)

ا	الٰہی رکھ اسے اپنی اماں میں	پھلے پھولے سدا یہ دو جہاں میں
ف	فراست اور صداقت کا مرقع	رہیگا تا ابد نام اِس کا ارفع
ت	ترے محبوب ﷺ کا شیدا بڑا ہے	سَر اس کا اُس ﷺ کی چوکھٹ پر جھکا ہے
خ	خدا کا اس پہ سایہ ہر گھڑی ہو	جہاں میں اس کی عزت بھی بڑی ہو
ا	اسے علم و ادب سے واسطہ ہے	یہی حقانیت کا راستہ ہے ! ! !
ر	رہیگا اس سے روشن نام اِس کا	رہیگا جگمگاتا کام اس کا ! ! !
ا	اسے خواہش نہیں ہے مال و زر کی	فقط خواہش ہے رحمت کی نظر کی
ح	حدیث دلبری ہے بات اس کی	بڑی پاکیزہ تر ہے ذات اس کی
م	محمد ﷺ مصطفٰے کا ہے گدا یہ	اُنہیں کی ذات پر ہر دم فدا یہ
د	دُرودوں کا خزینہ لے کے آیا	جو ہو گا اس کی بخشش کا وسیلہ
ق	قلم اِس کا صداقت کا امیں ہے	جبھی تو مثلِ ماہ اس کی جبیں ہے
ا	امر ہو جائے گا اس کام سے یہ	نوازا جائے گا انعام سے یہ
د	دُرودوں اور سلاموں کا خزینہ	یہ ہو گا اس کی بخشش کا وسیلہ
ر	رہیگا اس سے زندہ نام اِس کا	خدا رُتبہ کرے اب اس کا اونچا
ی	یہ کام اس نے کیا ہے اتنا اعلیٰ	سرؔور انبالوی مداح ہے اس کا

سرور انبالوی بانی و صدر: بزمِ گلزارِ ادب، راولپنڈی کینٹ

درُود و سلام کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی فہرست

نمبر شمار	نام کتاب	سالِ اشاعت	تعداد صفحات
1-	زیارتِ حبیب ﷺ	2000	68
2-	خزانہ درُود و سلام	2001	64
3-	آل و اصحابِ رسول ﷺ	2002	48
4-	گلدستہ درُود شریف (پاکٹ سائز)	2008	48
5-	گلدستہ درُود و سلام	2009	280
6-	تکمیل الحسنات	2010	168
7-	انوار الحق	2010	136
8-	خزینہ درُود و سلام	2010	80
9-	التفکر والاعتبار	2010	352
10-	70 صیغہ ہائے درُود و سلام (پاکٹ سائز)	2010	128
11-	ورفعنا لک ذکرک (پاکٹ سائز)	2011	128
12-	ھدیہ درُود و سلام	2013	112
13-	الصلوات الالفیہ مع صلوات النبویہ	2015	152
14-	عظائم الصلوات والتسلیمات	2016	100

مذکورہ بالا جملہ کتب زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر ہزاروں کی تعداد میں اندرون و بیرون ملک بلاھدیہ متعدد بار تقسیم ہو چکی ہیں جس پر ہم بارگاہِ ایزدی اور بارگاہِ سیدِ عالم ﷺ میں ھدیہ شکر بجالاتے ہیں۔

اَلصَّلوٰتُ الْاَلْفِیَّۃُ بِاَسْمَاءِ خَیْرِ الْبَرِیَّۃِ
مُحَمَّد
اَحْمَد
مُحَمَّد
اَحْمَد
مُحَمَّد
اِنَّ لِیْ خَمْسَۃُ أسماء
(حدیث نبوی)
سیدنا
اَحْمَدُ
صلی اللہ علیہ وسلم
سیدنا
ماحِ
صلی اللہ علیہ وسلم
سیدنا
مُحَمَّد
صلی اللہ علیہ وسلم
سیدنا
حاشِرُ
صلی اللہ علیہ وسلم
سیدنا
عاقِبُ
صلی اللہ علیہ وسلم
127

مختصر تعارف

افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، راولپنڈی

ملازمت

- پاکستان میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں (شام، لبنان، قطر، سعودی ملٹری اتاشی) میں تقریباً 20 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔
- سعودی عرب (وزارتِ دفاع، ابواب الروضۃ، تیمورک العربیۃ السعودیۃ) میں تقریباً 10 سال بطور معاونِ عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔

فوجی اعزازات (ایوارڈز)

- سعودی وزارتِ دفاع، ریاض میں بطور سعودی یونیفارم پرسن خدمات سرانجام دیں اور دورانِ ملازمت حکومتِ سعودیہ کی طرف سے 2 فوجی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

لسانیات

- پاکستان میں سعودی عرب کے ثقافتی سنٹر "مرکز تعلیم اللغۃ العربیۃ" سے عربی زبان کا دوسالہ کورس مکمل کیا۔
- سفارت خانہ ایران کے زیر انتظام ثقافتی سنٹر خانہ فرہنگ ایران سے فارسی زبان کا ایک سالہ ایڈوانس کورس مکمل کیا۔

زیارت مقدسہ کے اسفار

- وطن عزیز میں موجود زیارت مقدسہ کے علاوہ 11 بلادِ اسلامیہ (حجاز مقدس/ شام/ مصر/ مراکش/ ایران/ عراق/ اردن/ لبنان/ افغانستان/ ترکی) میں کئی کئی بار زیارت مقدسہ پر حاضری کے لئے طویل ترین سفر طے کئے اور ان سفروں کے نتیجے میں کئی سفرنامے منظر عام پر آئے۔

تحریری کاوشیں

- الحمدللہ! اب تک 60 کے قریب کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں بلادِ اسلامیہ میں زیارت مقدسہ کے سفرنامے، شخصیات (خاتونِ جنت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ، خلفائے اربعہ، شاہِ حبشہ) اور درود و سلام کی کتب سرِفہرست ہیں۔

مضامین و مقالات

- روزنامہ نوائے وقت، الاخبار، اوصاف، دی نیشن، مجلّہ ضیائے حرم، فیضانِ سدرۃ، پیغامِ آشنا، نورالحبیب، کاروانِ قمر، طلوعِ مہر اور آئینہ کرم کے علاوہ دیگر کئی رسائل و جرائد میں 100 سے زائد مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

عالمی کانفرنسز میں شرکت

- سال 1983 اور سال 1984 میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی طرف سے OIC کے زیرِ انتظام دو بین الاقوامی کانفرنسز میں بطور معاون عربی زبان شرکت کی۔
- اکتوبر 2007 میں سرزمین ایران میں حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ پر منعقدہ عالمی رومی کانفرنس میں راولپنڈی ڈویژن کی طرف سے شرکت اور مقالہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مارچ 2008 میں یونیورسٹی آف سرگودھا میں انٹرنیشنل رومی کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

روحانی سعادتیں اور اعزازات کا حصول

- ستمبر 1996 میں 2 بار بیت اللہ شریف کے اندر حاضری کی سعادتِ عظمیٰ نصیب ہوئی۔
- مرکزی مسجد حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ میں 16 اکتوبر 2001 نمازِ فجر کی اذان دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مفتی اعظم عراق حضرت الشیخ السید عبدالکریم بیارہ رحمۃ اللہ علیہ کی 2 بار زیارت کا شرف حاصل ہوا، یہ وہ خوش نصیب شخصیت تھیں جنہیں سال 1932ء میں 2 صحابہ اکرام کے مزاراتِ مبارکہ کی منتقلی کے موقع پر اُن کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

25/09/2019

التماسِ دُعا
معزز قارئین کرام سے درخواست ہے
کہ حضور پُرنور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ کی
اُمتِ مرحومہ کی بخشش و مغفرت اور بلندی
درجات کیلئے دُعا فرمائیں اور بالخصوص
مصنف کتاب ہذا اور اُس کے مرحوم والدین
کریمین کے لئے بھی دُعاؤں کی درخواست
ہے۔شکریہ
افتخار احمد حافظ قادری